مفتی ولی حسن ٹونکی

اقسام حدیث

موقر ماہنامہ "فاران" کے شمارہ ۵ اپریل میں "قربانی کی شرعی حیثیت" کے عنوان سے ایک طویل مقالہ نظر سے گزرا جس کو جناب جلال الدین ٹونکی نے قلمبند فرمایا تھا اس پر مقدمہ علامہ سرہندی صاحب نے لکھا تھا۔ مقدمہ میں حدیث کی مختلف اقسام اور ان کی تعریفات بیان کی گئی تھیں تعریفات دیکھ کر سخت تعجب ہوا۔ تقریباً سب کی سب غلط تھیں، اس لئے بطور استدراک اقسام حدیث اور ان کی تعریفات حوالہ قرطاس ہیں تعریفات صرف انہی کی ہیں جو مقالہ میں ذکر کی گئی ہیں، یہ تمام تعریفات اصول حدیث کی مستند کتاب "تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی" کے پیش نظر لکھی گئی ہیں۔

۱:- **صحیح** - وہ حدیث جس کی سند متصل ہو، راوی نہایت عادل، ضابط ہوں اور حدیث میں شذوذ، علت، نکارت نہ ہو۔

<u>سند متصل ہو</u> - اس کا مطلب یہ ہے کہ سند میں کوئی راوی ترک نہ ہو۔ پوری سند از اول تا آخر پوری ہو۔

<u>عادل</u> کا مطلب یہ ہے کہ راوی تقویٰ، طہارت، امانت، دیانت سے آراستہ ہو۔

<u>ضابط</u>، جس کا حافظہ ہر قسم کے سقم سے پاک ہو، شیخ سے سماع کے وقت بھی صحیح یاد رکھا، پھر کتاب یا حافظہ میں صحیح اور بلا کمی و بیشی رکھا اور اسی طرح اپنے تلمیذ کے سامنے بلاکم وکاست بیان کیا، غرض تینوں درجوں میں راوی ضبط کی صفت سے متصف ہو۔

<u>شذوذ</u>، یعنی ثقہ راوی کا اپنے سے زیادہ راجح اور اوثق راوی کی مخالفت کرنا۔

<u>نکارت</u> - ضعیف راوی کا قوی راوی کی مخالفت کرنا۔

<u>علت</u> - سقم، یا عیب کو کہتے ہیں، علماء اصول حدیث کے نزدیک جو اسقام یا عیوب بھی جاتے ہوں اُن سے وہ حدیث خالی ہو، علت علل ہے، علل حدیث سمجھنا نہایت دقیق فن ہے، علل کبھی متن حدیث میں ہوتی ہیں۔ اور کبھی سند میں، پھر یہ علل کبھی ظاہر ہوتی ہیں کبھی نہایت خفیہ۔ علل حدیث پر مستقل کتابیں بھی لکھی گئی ہیں، ابن ابی حاتم کی کتاب العلل مشہور ہے۔

۲- **حسن**:- مثل صحیح کے ہے فرق صرف اس قدر ہے کہ اس کے راوی "صحیح" کے رواۃ کے مقابلہ میں صفت ضبط میں کم تر ہوں۔

۳- **ضعیف**:- وہ حدیث جس میں حدیث "صحیح" یا "حسن" کی صفات نہ ہوں، یعنی یا تو اس کے راویوں میں عدالت، حفظ، ضبط کے لحاظ سے کمی ہو، یا اس میں شذوذ، نکارت، علت وغیرہ پائی جائے۔

جس طرح "صحیح" کے درجات ہیں، اسی طرح حدیث ضعیف کے درجات ہیں۔

۴- **مدرج**:- وہ حدیث جس میں راوی نے مشکل الفاظ کی شرح یا حدیث کی وضاحت کے سلسلہ میں کچھ لفظ اضافہ کر دیے ہوں۔

۵۔ **متروک** :۔ وہ حدیث جس کو ایسے راوی نے روایت کیا ہو جس کا جھوٹ بولنا حدیث کے علاوہ دوسرے موقعوں پر ثابت ہو گیا ہو۔

۶۔ **مسند** :۔ وہ حدیث جو مرفوع یعنی جس کا سلسلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچے اور سند پوری از متصل ہو۔

۷۔ **مسلسل بالحلف** :۔ وہ حدیث جس کو ہر راوی نے اپنے تلمیذ کے سامنے حلف اٹھا کر روایت نقل کی ہو۔

۸۔ **عالی** :۔ وہ حدیث جس میں وسائط کم ہوں۔

۹۔ **متصل** :۔ وہ حدیث جس کی سند میں کوئی راوی ترک نہ ہوا ہو۔

۱۰۔ **منقطع** :۔ وہ حدیث جس کی سند سے ایک یا کئی راوی متفرق مقامات سے ساقط ہوں۔

۱۱۔ **موضوع** :۔ وہ حدیث جس کے راوی کے متعلق ثابت ہو گیا ہو کہ وہ جھوٹی حدیثیں بناتا ہے۔

۱۲۔ **مرسل** :۔ وہ حدیث جس میں تابعی سے اوپر کا راوی ساقط ہو۔

۱۳۔ **معنعن** :۔ وہ حدیث جو عن فلاں، عن فلاں سے روایت کی گئی ہو۔

۱۴۔ **مبہم** :۔ وہ جس کے راوی کا نام ذکر نہ کیا گیا ہو۔

۱۵۔ **متواتر** :۔ وہ حدیث جس کو اس قدر اشخاص بیان کریں کہ اُن کا جھوٹ پر جمع ہونا محال ہو۔

۱۶۔ **مشہور** :۔ جس حدیث کے راوی ہر طبقہ میں تین فرد ہوں، یا جس کی روایت عہد صحابہ میں کم ہو، دوسرے اور تیسرے عہد میں کثرت سے اُس کی ہوتی ہو۔

۱۷۔ **عزیز** :۔ وہ حدیث صحیح جس کے سلسلہ رواۃ میں ہمیشہ دو دو راوی پائے جائیں۔

۱۸۔ **احاد** :۔ وہ احادیث جن کی روایت کرنے والے ایک ایک ہوں۔

۱۹۔ **غریب مطلق** :۔ وہ حدیث جس کی سند میں صحابی سے روایت کرنے والا منفرد ہو۔

۲۰۔ **مرفوع** :۔ وہ حدیث جس کی سند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر منتہی ہو اور اس کے سب راوی ثقہ ہوں۔

۲۱۔ **موقوف** :۔ وہ حدیث جس میں راوی صحابی کے قول و فعل یا تقریر کو بیان کرے۔

۲۲۔ **مقطوع** :۔ جس میں راوی تابعی کے قول، فعل، تقریر کو بیان کرے۔